اردو (لازمی)	نہم، لاہور بورڈ، 2023ء	پہلا گروپ
وقت: 2.10 گھنٹے	(انشائی)	کل نمبر: 60

(حصہ اوّل)

-1 درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے) 10

(حصہ نظم)

i- تو ہی نظر آتا ہے ہر شے پہ محیط اُن کو — جو رنج و مصیبت میں کرتے ہیں گِلا تیرا

ii- تری راہ میں خاک ہو جاؤں مر کر — یہی میری حُرمت، یہی آبرو ہے

iii- کیا کیا رکھے ہے یارب، سامان تیری قدرت — بدلے ہے رنگ کیا کیا ہر آن تیری قدرت

iv- جو نغمہ زن تھے خلوتِ اوراق میں طیور — رُخصت ہوئے ترے شجرِ سایہ دار سے

حصہ غزل

v- کہوں کیا ہوئی عمر کیونکر بسر — میں جاگا کیا، بخت سویا کیا

vi- دل ناداں تجھے ہوا کیا ہے — آخر اس درد کی دوا کیا ہے

vii- عمر دراز مانگ کے لائے تھے چار دن — دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں

حصہ دوم

-3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے، سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 10

(الف) ظرافت مزاج میں اس قدر تھی کہ اگر آپ کو بجائے حیوان ناطق کے حیوان ظریف کہا جائے تو بجا ہے۔ ایک دفعہ جب رمضان گزر چکا تو قلعے میں گئے۔ بادشاہ نے پوچھا: "مرزا تم نے کتنے روزے رکھے؟" عرض کیا: "پیر و مرشد! ایک نہیں رکھا۔"

(ب) علی بخش کی داستانِ غم ختم ہوئی تو سلیم میاں بھی آ گئے۔ علی بخش کے چہرے پر شکایت لکھی ہوئی دیکھی تو اپنے دل پر لکھی ہوئی شکایت بیان کرنے لگے۔ ہم نے سکون سے یہ قصہ سنا۔ طرفین کے بیانوں سے واضح تھا کہ تنازع بہت خفیف ہے۔

-4 درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 10

(i) ڈرامہ "آرام و سکون" سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

(ii) جرأت اور انشا کے مشترک شعر میں دونوں کا الگ الگ مصرع تحریر کیجیے۔

(iii) شاعر امیر مینائی کے دل میں کیا حسرت اور آرزو ہے؟

(iv) اکثر لوگ مرزا غالب کو بیرنگ خط بھیجتے تھے۔ بیرنگ خط سے کیا مراد ہے؟

(v) بلبل بہت سے موسیقاروں سے کیوں بہتر ہے؟

(vi) الگو چودھری اور سمجھو سیٹھ نے کون سا تنازع پنچایت کے سامنے پیش کیا؟

(vii) تیتر اللہ تعالیٰ کی عظمت کیسے بیان کرتے ہیں؟

(viii) شاعر میر تقی میر "اضطراب" کی حالت میں کیا کرتا ہے؟

-5 کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: 5

(الف) ہجرت نبوی ﷺ — (ب) ملکی پرندے اور دوسرے جانور

-6 نصاب میں شامل نظم "حمد" کا مرکزی خیال/خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 5

-7 اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر/ہیڈ مسٹریس یا پرنسپل کے نام فیس معافی کے لیے درخواست لکھیے۔ 10

یا

اپنے دوست/سہیلی کے نام خط لکھیے جس میں دوستانہ شکوہ کیجیے کہ مکتوب نگار کو بھلا دیا گیا ہے۔

-8 "اتفاق میں برکت ہے" کے عنوان پر ایک کہانی تحریر کیجیے۔ یا 5

مریض اور ڈاکٹر کے درمیان ہونے والا مکالمہ تحریر کیجیے۔

-9 درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ 5

(i) امجد نے کراچی جانا ہے۔ — (ii) میں نے دوڑا لیکن چور بھاگ گیا۔

(iii) طارق نے اخبار کو خریدا۔ — (iv) رشید، مجید اور حمید آیا۔

(v) سموسے، پکوڑے، گلاب جامن سب کچھ بک گئے۔

یا

درج جملوں کی تکمیل کیجیے:

(i) طویلے کی بلا ---------- — (ii) گُوسے جو مرے تو ----------

(iii) زبانِ خلق کو ---------- — (iv) ہاتھی کے دانت کھانے کے اور ----------

(v) بات کھٹائی میں ----------

www.ilmkidunya.com